بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

Share

My Let's倶楽部／パナソニック
ec-club.panasonic.jp/
直販だけのカスタマイズレッツノート！ 保証も安心。まずは価格シミュレーション

غیر قانونی موبائل فون سموں کی خرید و فروخت کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

تمام اسسٹنٹ کمشنرز نگراں مقرر، کاروبار میں ملوث افراد گرفتار اور غیر قانونی سمیں ضبط کی جائیں گی، کمشنر کی زیر صدارت اجلاس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کراچی شعیب احمد صدیقی کی زیر صدارت ایک اجلاس ہوا جس میں غیر قانونی موبائل فون سموں کی خرید و فروخت کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کیا گیا تمام اسسٹنٹ کمشنرز کریک ڈاؤن کے نگراں ہوں گے اور مذکورہ کاروبار میں ملوث افراد کو گرفتار کرنے کے ساتھ غیر قانونی سمیں ضبط کرلی جائیں گی۔ اجلاس میں ایڈیشنل ون کمشنر کراچی اسلم کھوسو، ڈائریکٹر پی ٹی اے سید اخلاق حسین اور موبائل کمپنیوں سے سید ندیم احمد، لیفٹیننٹ کرنل ریٹائرڈ عارف، ثاقب غوث، ایس ایم سلمان، سعود احمد، عبدالمجید اور تنویر احمد شریک تھے، کمشنر کراچی نے کہا کہ حکومت کراچی سے جرائم کے خاتمے کیلئے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے اور کراچی کو پرسکون بنا کر سرمایہ کاروں، صنعتکاروں اور تاجروں کیلئے موزوں ترین مقام بنانا چاہتی ہے ایسے میں غیر قانونی سمیں جو کہ جرائم کا بڑا سبب ہیں ان کے تدارک کیلئے موبائل فون کمپنیاں بھی ترجیحی بنیاد پر اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ اصل شناختی کارڈ کو دیکھے بغیر سمیں ایکٹیویٹ نہ کی جائیں۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھیے